04/04/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ انوار الحق سے خبریں سُنئے

وقف بل

راجیہ سبھا نے وقف ترمیمی بل کو منظور کیا ہے۔ ایوان بالا میں 128ممبران نے بل کے حق میں ووٹ دیئے جبکہ95ممبران نے اس کی مخالفت کی ۔ ا س بل پر راجیہ سبھامیں 12گھنٹے تک بحث ہوئی۔ا س سے قبل لوک سبھا نے اس بل کو منظوری دیدی تھی۔

مرکزی وزیر کرن ریجیجو نے کہا کہ قانون سازی کے اس عمل سے ملک کے کروڑوں پسماندہ طبقے کے مسلمانوں کو فائدہ ہوگا۔ واضح رہے کہ وقف بل کا مقصد ملک میں وقف بورڈوں کومزید جامع اور شمولیاتی بنانا ہے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے کہا ہے کہ تعلیمی ادرونکو چاہئے کہ وہ ایسی شخصیات تیار کریں جو انسانی اقدار کے ساتھ ساتھ جدت طرازی کابہترین امتزاج پیش کرتے ہوں ۔ وگیان بھون نئی دلی میں بالاجی فاؤنڈیشن کی طرف سے منعقدہ بھارت شکھشا سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ ہیڈ ، ہارٹ اور ہیرٹیج کا منتر یعنی انسانی ذہن، دل اور ورثہ تعلیمی نظام کی ٹوٹی ہوئی اخلاقی کڑی کوبحا ل کرنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

ایل جی نے کہاکہ قومی تعلیمی پالیسی 2020کامقصد ہے کہ طلباءکتابوں سے حاصل کی گئی یادوں کے ذخیرے کے بجائے علم کا ضخیم ذریعہ بنیں۔

اسکیم

جموں کشمیر سرکار نے نیشنل سوشل اسسٹنس پروگرام اور انٹی گریٹیڈ سوشل سیکورٹی اسکیم کے تحت فراہم کی جا رہی پینشن میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ایک سرکاری رلیز میں بتایا گیا ہے کہ رواں بجٹ سیشن کے دوران وزیر اعلیٰ کی طرف سے عوام کے ساتھ کئے گئے ایک اور وعدے کو عملی جامہ پہنایا گیا ہے۔ جس کے مطابق یکم اپریل2025سے60سال تک کی عمر کے مستحق افراد کو 1250روپے ماہانہ //60سے 79سال تک کی عمر کے مستحق افراد

کو1500سوروپے ماہانہ // جبکہ80سال سے زیادہ عمر رسیدہ افراد کو 2ہزار روپے ماہانہ فراہم کئے جائیں گے۔

DGمیٹنگ

آکاشوانی سرینگرمیں آج شمالی بھارت کے کمرشل براڈ کاسٹنگ مراکز کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈی جی آکاشوانی ڈاکٹر پرگیہ پلیوال گو ر نے کی ۔ اپنے کلیدی خطاب میں میں انہوں نے آکاشوانی کے پروگرامونکو مزید بہتر بنانے پر زور دیا ۔

کاسٹنگ ،آکاشوانی اوریجنلز اور ریڈیو، ٹی Podانہوننے آکاشوانی کے جدید پلیٹ فارمز جیسے وی کا حوالہ دیتے ہوئے پروگرامونکا معیار جدید تقاضوں کے مطابق بڑھانے پر زور دیا ۔جبکہ آکاشوانی کے تواریخی ورثے کے اقدار کو بر قرار رکھنے کی تلقین کی ۔

انہوں نے میٹنگ میں موجود افسران کو ہدایت دی کہ وہ پروگرامونمیں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کو یقینی بنائیں ۔

ڈاکٹر پرگیہ پلیوال نے آکاشوانی کے مختلف کیندروں میں تکنیکی ہنرمند ی کو بہتر بنانے کی تاکید کی تاکہ پروگراموں کی پیشکش سامعین کیلئے نفع بخش بن سکے ۔

سیلز سنجے پرساد // آکاشوانی سرینگر کے سربراہ DDGاس موقعے پر پرسار بھارتی کے گربیندر سنگھ // شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر اور ادارے کے پروگرام ہیڈ غلام رسول آخون نے بھی خطاب کیا۔

اٹل ڈلو

دریں اثنا چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں کشمیرہائیڈرو پاؤر پالیسی 2025کے مسودے کا جائزہ لیا۔

موصوف نے کہاکہ جموں کشمیر مینبجلی پیدا کرنے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ جس سے کہ خطے کی معیشت کوخاطر خواہ تقویت مل سکتی ہے۔ مسودے کامقصد جموں کشمیرمیننجی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔

منوج کمار

بھارتی سینما کے معروف فلمی اداکار منوج کمار ممبئی میں آج صبح انتقال کر گئے۔وہ87برس کے تھے۔ منوج کمار اپنی حب الوطنی پر مبنی فلموں کیلئے بھارت کمار کے نام سے بھی مشہور تھے۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے منوج کمار کی وفات پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہا رکیاہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بھارتی سینما میں منفرد خدمات انجام دینے کیلئے انہیں پدم شری اور دادصاحب پالکی جیسے اعلیٰ اعزازات سے نوازا گیا۔

کپواڑہ

ضلع کپواڑہ میںمنشیات کی لعنت کوجڑ ے اکھاڑے کیلئے ڈپٹی کمشنر آیوشی سودن نے NCORD کی ایک میٹنگ کی صدار ت کرتے ہوئے ضلع بھرمیں عملائے جا رہے احتیاطی اقدامات کا جائزہ لیا۔

موصوفہ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلع میں منشیات کے ہاٹ سپاسٹس، متروک عمارتوں کی نشاندہی سمیت ضلع کے داخلی مقامات پر کڑی نگاہ رکھینتاکہ منشیات کی سمگلنگ اور اس سے متعلق سرگرمیوں پر قابو پایاجا سکے۔

شوپیان

ادھر گورنمنٹ بائزہائر اسکنڈری اسکول شوپیان میں محکمہ اسکول ایجوکیشن کی طرف سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد ہوا ۔

اس موقعے پر مقررین منشیات کے مضر اثرات اور اس سے نمٹنے کے طریقوں پر روشنی ڈالی تاکہ نوجوان پود کو منشیات کے خطرات سے دور رکھا جا سکے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ